11 مئی 2026ء

کارکنوں کی ترسیلاتِ زر برائے اپریل 2026ء کی پریس ریلیز

1۔ اپریل 2026ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مد میں 3.5 ارب امریکی ڈالر کی آمد ہوئی۔

2۔ نمو کے لحاظ سے ترسیلات زر میں سال بسال بنیادوں پر 11.4 فیصد اضافہ اور ماہ بہ ماہ بنیادوں پر 7.6 فیصد کمی ہوئی۔

3۔ مجموعی طور پر جولائی تا اپریل مالی سال 26ء کی مدت میں کارکنوں کی ترسیلات زر میں 33.9 ارب ڈالر کی آمد ہوئی، جو اس میں 8.5 فیصد اضافے کی عکاسی کرتا ہے، جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 31.2 ارب ڈالر موصول ہوئے تھے۔

4۔ اپریل 2026ء میں موصول ہونے والی ترسیلات زر کا بیشتر حصہ سعودی عرب (841.7 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (734.7 ملین ڈالر)، برطانیہ (563.7 ملین ڈالر) اور امریکہ (317.6 ملین ڈالر) سے موصول ہوا۔

****